BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, A.P, HYDERABAD

MODEL QUESTION PAPER URDU - I (W.E.F.2013-14)

Part - II - (Second Language)

Time: 3 Hrs. Max. Marks: 100

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

1۔ مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1 بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

2 آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

3 وہ جانِ جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی — دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے

4 رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج — مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

2۔ متن کے حوالہ سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 5x2=10

1۔ بھابی! بھیا نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ میرے ساتھ اس گھر میں نہ رہیں گے۔

2۔ گلاب کے کانٹے سوکھ جائیں تو پھینک دینے کے قابل، کیکر کے کانٹے سوکھ کر گھروں اور کھیتوں کی حفاظت کریں۔

3۔ اماں! تم ہی بتاؤ مرزا صاحب کہ اس ریل کے سفر میں، نصیب دشمناں، جان جوکھم تو نہیں ہے۔

4۔ یہ تو واللہ ہو ہی نہیں سکتا کہ ہم پردیس کو سدھاریں۔

3. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 8

1۔ چاند اور تارے

2۔ اہل وطن سے خطاب

4. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 8

1۔ ''جلنا بجھنا'' سائنسی مضمون کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

2۔ افسانہ ''بڑے گھر کی بیٹی'' کا خلاصہ لکھیے۔

5. کوئی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 8

1۔ امجد کی آپ بیتی سے ''بے محل ہمدردی'' پر نوٹ لکھیے۔

2۔ ''آشفتہ بیانی میری'' میں رشید احمد صدیقی نے ہاسٹل کے حالات کس انداز میں بیان کیے ہیں؟

6. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ 2x5=10

1۔ علامہ اقبال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

2۔ خواجہ حسن نظامی کی شخصیت کا جائزہ لیجیے۔

3۔ فیض احمد فیض کی شاعرانہ خصوصیت کے بارے میں لکھیے؟

4۔ مرزا غالبؔ کے اہم واقعات بیان کیجیے۔

7. مندرجہ ذیل کے صحیح جواب لکھیے۔ 1x5=5

1۔ ''اہل وطن سے خطاب'' نظم کس شاعر نے لکھی؟

2۔ مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟

3۔ خدائے سخن کس شاعر کو کہتے ہیں؟

4۔ بانگ درا کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے۔

5۔ فیض کا تعلق کس ملک سے تھا۔

8. خالی جگہوں کو صحیح جواب سے پُر کیجیے۔ 1x5=5

1۔ ''خدا حافظ'' ڈرامہ.......................نے لکھا۔

2۔ آنندی.....................افسانہ کا کردار ہے۔

3۔ بڑے گھر کی بیٹی....................کا افسانہ ہے۔

4۔ ''گلاب تمہارا کیکر ہمارا'' انشائیہ.....................نے لکھا۔

5۔ خاکہ ''مولانا وحیدالدین سلیم'' ....نے لکھا۔

9. مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 1x5=5

سب نے گلاب کے پھول کو تختۂ مشق بنایا ہے۔ کوئی اس کی بھینی بھینی بو پر فدا ہے۔ کوئی اس کی نازک نازک پتیوں پر نثار ہے۔ کسی کو اس کے رنگ سے رخسار محبوب کی یاد پیدا ہوتی ہے۔ کسی کا دل اس کے کھلنے اور مرجھانے کے انقلاب میں اسیر ہے۔ بعض ہیں کہ جو گلاب کے خار سے خار کھائے بیٹھے ہیں خیر۔ یہ جتنی باتیں ہیں ان میں تو شکایت کا کوئی موقعہ نہیں ہے۔

1۔ سب نے کس کو تختۂ مشق بنایا؟

2۔ سب اس کی کونسی خوبیوں پر فدا اور نثار ہیں؟

3۔ کس کے رنگ سے محبوب کے رخسار کی یاد پیدا ہوتی ہے؟

4۔ کس کے کھلنے اور مرجھانے کے انقلاب میں دل اسیر ہے؟

5۔ گلاب کے خار سے خار کھانے سے کیا مراد ہے؟

10. ذیل کی تعریف کیجیے اور مثالیں بھی درج کیجیے۔ 1x5=5

اسم عام، اسم خاص، اسم جمع، اسم کیفیت عرف

11. ضمیر کی تعریف کیجیے اور اس کی قسموں کے نام بتائیے۔ 1x5=5

12. ذیل کے جملوں میں صفت کی نشاندہی کیجیے۔ 1x5=5

1۔ سیاہ رات میں تارے بھلے لگتے ہیں۔

2۔ دنیا میں قابل انسان کی قدر ہوتی ہے۔

3۔ انسان اگر تندرست ہو تو ورزش کرتا ہے۔

4۔ سفید گھوڑا بہت بہادر ہے۔

5۔ بدبودار گلیوں سے گذرنا سخت دشوار تھا۔

13. کوئی پانچ الفاظ کی ضد لکھیے۔ 1x5=5

۱۔دن ۲۔صبح ۳۔ سیاہ ۴۔نشیب ۵۔جھوٹ

۶۔اعلیٰ ۷۔چھوٹا ۸۔دلیر ۹۔تاریکی ۱۰۔عیاں

14. ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کی واحد یا جمع لکھیے۔ 1x5=5

۱۔افراد ۲۔سانحات ۳۔ صدور ۴۔شعراء ۵۔نقوش

۶۔دور ۷۔حکم ۸۔فتح ۹۔شجر ۱۰۔وقت

15. مندرجہ ذیل میں سے پانچ (۵) الفاظ کے مذکر یا مؤنث لکھیے۔ 1x5=5

۱۔دھوبی ۲۔مالن ۳۔ چاچی ۴۔رانی ۵۔ٹوکرا

۶۔ہتھنی ۷۔شیشہ ۸۔سیدانی ۹۔بندر ۱۰۔نوکر

16. انگریزی عبارت کا بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجیے۔ 5

"If you think you can, you are right. Just be passionate about it. And if you lack passion, then develop it because success never comes till you are passionate about it. Great passions can defy destiny".

☆☆☆